سورة الزلزال

Chapter 99

One after another tremor and earthquake

آیات 8

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے جو سنورنے والوں کی مرحلہ وار اور قدم بہ قدم مدد و رہنمائی کرتے ہوئے انہیں ان کے کمال تک لے جانے والا ہے (وہ یہ آگاہی دے رہا ہے کہ)!

اِذَا زُلۡزِلَتِ الۡاَرۡضُ زِلۡزَالَهَا ۙ﴿۱﴾

1-(اے نوعِ انساں اپنے اعمال اور کاموں کے بارے میں خبردار رہو۔ کیونکہ وہ وقت طاری ہو کر رہے گا) جب زلزلے کے پے در پے شدید جھٹکوں کے ساتھ زمین کو ہلا ڈالا جائے گا۔

وَ اَخۡرَجَتِ الۡاَرۡضُ اَثۡقَالَهَا ۙ﴿۲﴾

2- اور (نتیجہ یہ ہوگا کہ) زمین اپنے بوجھ نکال کر باہر پھینک دے گی۔

وَ قَالَ الۡاِنۡسَانُ مَا لَهَا ۚ﴿۳﴾

3-اور انسان چیخ اٹھے گا کہ اس کو کیا ہو گیا ہے؟ (اور ایسا تغیر کیونکر واقع ہو رہا ہے)۔

یَوۡمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخۡبَارَهَا ۙ﴿۴﴾

4- یہ وہ دن ہوگا جب (زمین) اپنی خبریں پیش کر دے گی (یعنی زمین کے پوشیدہ حقائق ظاہر ہو جائیں گے)۔

بِاَنَّ رَبَّکَ اَوۡحٰی لَهَا ؕ﴿۵﴾

5-(اور زمین ایسا اس لئے کرے گی) کیونکہ تمہارے رب نے اسے (ایسا کرنے کے لئے) وحی کی ہو گی۔

یَوۡمَئِذٍ یَّصۡدُرُ النَّاسُ اَشۡتَاتًا ۬ۙ لِّیُرَوۡا اَعۡمَالَهُمۡ ؕ﴿۶﴾

6-اس دن انسان گروہ در گروہ سامنے آئیں گے تاکہ وہ ان کے اعمال کو ان کے سامنے نمایاں کر دے۔

فَمَنۡ یَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ خَیۡرًا یَّرَهٗ ؕ﴿۷﴾

7-اور پھر اگر کسی نے ذرے کے بوجھ کے برابر کسی کے لئے آسانی و خوشگواری پیدا کرنے کی نیکی کی ہو گی تو اس کو بھی وہ دیکھ لے گا۔

ع 1 8 24

وَ مَنۡ یَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا یَّرَهٗ ﴿۸﴾

8-اور اگر کسی نے ایک ذرے کے بوجھ کے برابر کسی کے لئے تکلیف و مصیبت پیدا کرنے کی برائی کی ہو گی تو وہ بھی اس کی نگاہوں کے سامنے آ جائے گی۔